Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | پیر، 4 نومبر 2024ء، یکم جمادی الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 208

مریم نواز کا پی آئی سی ٹو کو جلد فعال کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا پی آئی سی ٹو پراجیکٹ کے لئے درکار مشینری کی فراہمی یقینی بنانے کا حکم، پی آئی سی ٹو میں جدید ترین ہائبرڈ آپریشن تھیٹرز بھی بنائے جائیں گے

ہسپتال میں ایمرجنسی، سرجیکل اور میڈیکل آئی سی یو بھی بنیں گے، ہر ضلع میں کارڈیالوجی کی مکمل سہولتوں کی فراہمی کے پلان پر عمل درآمد شروع ہو چکا ہے، مریم نواز شریف

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سموگ کی صورتحال بارے میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

لاہور (انٹرنیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) کو جلد فعال کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے پی آئی سی ٹو پراجیکٹ کے لئے درکار مشینری کی فراہمی یقینی بنانے کا حکم دیدیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کیتال کے قریب زیر تکمیل پی آئی سی ٹو کا دورہ کیا اور تعمیرات کا جائزہ لیا، انہوں نے تعمیراتی سٹیٹس رپورٹ اور دیگر امور کا بھی معائنہ (بقیہ نمبر 22)

انسداد بجلی چوری مہم کے بہترین نتائج حاصل ہو رہے ہیں

اکتوبر 2024 میں 375 بجلی چوروں کو 3 کروڑ سے زائد کے جرمانے عائد کیے

43 بجلی چور گرفتا 190 ایف آئی آرز رجسٹرڈ ہوئیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آئیسکو ریجن میں بجلی چوری کے ناسور کے خاتمے کیلئے بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ ستمبر 2023 سے جاری ہے۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو محمد شم جان نے ماہ اکتوبر 2024 کے دوران بجلی چوروں کیخلاف کی جانے والی کارروائیوں (بقیہ نمبر 23)

اسلامک فنٹیک انڈسٹری کی تیز رفتار ترقی، زبیر مغل

شریعت کے مطابق مالیاتی خدمات کے ساتھ ٹیکنالوجی کو ملا کر مالیاتی منظرنامے کو نئی شکل دے رہا ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی) اسلامک فنٹیک سیکٹر اسلامک فنانس اور مالیاتی خدمات کے ساتھ ٹیکنالوجی کو ملا کر مالیاتی منظرنامے کو نئی شکل دے رہا ہے۔ جیسا کہ ڈیجیٹل اسٹمری میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے، شریعت کے مطابق (بقیہ نمبر 26)

دو ماہ کے دوران دہشتگرد حملوں میں 92 شہادتیں

کالعدم تنظیموں کے حملوں میں پولیس، عام شہری، اور سکیورٹی فورسز کو نشانہ بنایا گیا، رپورٹ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے حملے میں دو ماہ کے دوران 92 افراد شہید ہو گئے، شہداء میں پولیس، سکیورٹی فورسز اہلکار اور شہری شامل ہیں۔ پولیس کی جانب سے جنوری الخوارج کی دہشت گردی کے حوالے (بقیہ نمبر 25)

مانانوالہ ٹریفک کے حادثے میں 5 افراد جاں بحق

مسافر موقع پر جاں بحق جبکہ ایک مسافر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال شیخوپورہ میں دم توڑ ہو گیا

شیخوپورہ (انٹرنیوز) شیخوپورہ میں ڈیکسٹرائل اور مسافر ویگن زائرین ہو گئے۔ حادثہ شیخوپورہ کے علاقے مانانوالہ چیما سوداور پور کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق جبکہ 6 سے بھاڑ گاؤں کے نزدیک پیش آیا۔ (بقیہ نمبر 24)

سرمایہ کاری کا فروغ اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

برطانیہ کی بااثر اور معروف کاروباری شخصیات کے وفد کی زیر عینی کی سربراہی میں لاہور میں ملاقات، وفد میں برطانیہ کی سرکردہ کاروباری شخصیات شامل تھیں

حکومت کی کوششوں سے حالیہ دنوں میں ملکی معیشت بہتری کی طرف گامزن ہوئی ہے جس سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھا ہے، وزیراعظم کی وفد کو پاکستان کی سرمایہ کاری کرنے کی ترغیب

کاروباری اور تاجر برادری کو خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے ون ونڈو آپریشن کے ذریعے بہترین سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، وزیراعظم شہباز شریف

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے برطانیہ کی بااثر اور معروف کاروباری شخصیات کے وفد کی زیر عینی کی سربراہی میں لاہور میں ملاقات کی وفد میں برطانیہ کی سرکردہ کاروباری شخصیات شامل تھیں ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ کاروباری اور تاجر برادری کو خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے ون ونڈو آپریشن کے ذریعے بہترین سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ حکومت کی کوششوں سے حالیہ (بقیہ نمبر 3)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کینال کے قریب زیر تکمیل پی آئی سی ٹو ہسپتال میں تعمیرات کا جائزہ لے رہی ہیں

حکومت کا پنجاب ایئر لائنز کے نام سے ایئر لائن لانچ کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پنجاب ایئر لائنز کے نام سے ایئر لائن لانچ کرنے کا فیصلہ کر لیا، اس کی فزیبلٹی پر بھی کام شروع کر دیا گیا ہے۔ پی ٹی ڈی سی (بقیہ نمبر 28)

ایس پی راول کی کھلی کچہری، شہریوں مسائل سنے

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ذمہ داری ہے

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی راول محمد حبیب راجہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے اور حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی راول محمد حبیب راجہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں (بقیہ نمبر 27)

سی ٹی او اسلام آباد کا شہر بھر میں ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

شہر میں ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کو یقینی بناتے ہوئے شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات فراہم کی جائیں

فیلڈ میں موجود اسلام آباد ٹریفک پولیس افسران نے ملاقات، ٹریفک کی روانی اور قوانین پر عملدرآمد بارے بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) سی ٹی او اسلام آباد محمد سرفراز ڈوگر نے شہر بھر میں ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا، اس موقع پر ان کے ہمراہ ایس ٹی ٹریفک اور زونل (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد محمد سرفراز ڈوگر نے افسران سے ملاقات کی اور ٹریفک کی روانی اور قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر

68 روز کے دوران 1384 ان فٹ گاڑیاں بند کر دی گئیں

پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (این این آئی) سی ٹی او سید خالد جہانی کی ہدایت کے مطابق پبلک سروس گاڑیوں کی فٹنس، روٹ پرمٹ اور لائسنس چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ سی پی او سید (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: سی ٹی او اسلام آباد دوران ڈیوٹی حادثے میں زخمی ہونے والے پولیس کانسٹیبل کی عیادت کر رہے ہیں

پانی کے بحران کی وجہ موسمیاتی تبدیلی، بڑھتی ہوئی آبادی ہے

موسمیاتی تبدیلی کے باعث آئندہ سال پاکستان کو پانی کی قلت کا سامنا رہے گا' رپورٹ

پانی کا بہتر استعمال، ضائع ہونے سے بچانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیا جائے

لاہور (این این آئی) موسمیاتی تبدیلی کے باعث آئندہ سال پاکستان کو پانی کی شدید قلت کا سامنا رہے گا۔ وزارت آبی وسائل کی دستاویز میں چونکا دینے والا انکشاف سامنے آیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کو گزشتہ ایک دہائی سے پانی کی قلت کا سامنا ہے، پانی کی کمی کو پورا کرنے کیلئے جنگی بنیادوں پر کام کرنا ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کو گزشتہ ایک دہائی سے پانی کی قلت کا سامنا ہے، پانی کی قلت اور شدید (بقیہ نمبر 29)

غیر رجسٹرڈ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

شہری اپنے اور گاڑی و موٹر سائیکل کے دستاویزات ہمراہ رکھیں اور پولیس افسران کے ساتھ تعاون کریں، پولیس

اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے مصروف عمل ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں مشکوک اشخاص، غیر رجسٹرڈ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، پولیس افسران ناکہ جات پر شہریوں، گاڑی و موٹر سائیکل کی دستاویزات کی جانچ پڑتال اور موٹر تلاشی کے ساتھ کوائف کا اندراج عمل میں لا رہے ہیں، شہری اپنے اور گاڑی و موٹر سائیکل کے دستاویزات ہمراہ رکھیں اور پولیس افسران کے ساتھ تعاون کریں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے بھرپور مصروف عمل ہے، اسی سلسلہ میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں مشکوک اشخاص، غیر (بقیہ نمبر 4)

ایس پی سیوان پریمی کی تربیت پولیس افسران کو فرائض کی بہتر کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ دے رہی ہیں

وٹامن ڈی کا عالمی دن ہر سال نومبر کے پہلے ہفتے میں منایا جاتا ہے

یہ دن عمومی صحت اور تندرستی کے لیے وٹامن ڈی کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرتا ہے

صوبہ بھر میں صحت مراکز، فیملی کلینکس اور بہبود آبادی کے دفاتر میں مرد و خواتین کو اس سلسلہ میں آگاہی فراہم کی جاتی ہے

وٹامن ڈی کی کمی دنیا بھر میں 1 بلین سے زیادہ لوگوں کو متاثر کرتی ہے، وٹامن ہڈیوں کی صحت، مدافعتی فنکشن اور دائمی بیماری سے بچاؤ کے لیے ضروری ہے

خواتین میں وٹامن ڈی کی کمی کی علامات میں تھکاوٹ، کمزوری، ہڈیوں کا درد، افسردگی، جلد کے مسائل شامل ہیں

وٹامن ڈی تجنین کی نشوونما، خاص طور پر ہڈیوں میں مدد کرتا ہے، وٹامن ڈی کی کمی کے بڑھتے ہوئے خطرے سے منسلک ہے

ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے نگہت اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے نے کہا ہے کہ وٹامن ڈی کا عالمی دن ہر سال نومبر کے پہلے ہفتے میں منایا جاتا ہے۔ جس کا مقصد عمومی صحت اور تندرستی کے لیے وٹامن ڈی کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہوتا ہے۔ یہ دن تین الاقوامی آسٹیوپوروسس فاؤنڈیشن (IOF) کے ذریعہ 2012 میں قائم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں صحت مراکز، فیملی کلینکس اور بہبود آبادی کے دفاتر میں مرد و خواتین کو اس سلسلہ میں آگاہی فراہم کی جاتی ہیں۔ وٹامن ڈی کی کمی دنیا بھر میں 1 بلین سے زیادہ لوگوں کو متاثر کرتی ہے۔ یہ وٹامن ہڈیوں (بقیہ نمبر 30)

قائد لیگ نواز شریف امریکا سے واپس لندن پہنچ گئے

مرکز اور پنجاب میں اچھا کام ہو رہا ہے، پاکستان ٹریک پر واپس آ رہا ہے' قائدین لیگ

لندن (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف امریکا سے واپس لندن پہنچ گئے ہیں۔ لندن میں نواز شریف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہباز شریف محنت کر رہے ہیں، ملک کی حالت پہلے سے بہتر ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 5)

انسداد سموگ مہم، گزشتہ ماہ 1344 گاڑیاں تھانوں میں بند

2397 گاڑیوں کے چالان، 1 کروڑ روپے کے جرمانے عائد کئے گئے

لاہور (انٹرنیوز) لاہور میں تحریر فاؤنڈیشن کی رپورٹ کے مطابق انسداد سموگ مہم کے تحت بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے گزشتہ ماہ اکتوبر میں 1344 گاڑیاں تھانوں میں بند کر (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی: انسداد پولیوٹیم کے دوران گھنٹے کا بائیکاٹ بچی کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہا ہے

بھارت سے آنیوالی ہوا ہو فضائی آلودگی انڈیکس میں پہلے نمبر پر رہا

بھارت میں جلائی گئی فصلوں، پٹرے کا دھواں، بولا ہو پہنچ گئی، ہوائیں سیاہ بادلوں کا مرغولہ گرداب بن کر وسطی پنجاب میں آ چکی ہیں

ثانیاً نے آئندہ رات روڑی کو ہوائوں کا رخ دکھانے والا تشہیر جاری کر دیا، "وارم رم" پہ جیس گھنٹے جنگی بنیادوں پر کام کر رہا ہے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) بھارت سے آنے والی تیز ہوائوں سے آلودہ رات دن کا تشہیر بھی جاری کر دیا گیا۔ عالمی ایئر کوالٹی انڈیکس میں آلودگی انڈیکس میں پہنچ کر پہلے نمبر پر رہا۔ بھارت سے 1194 نمبر کے ساتھ لاہور کا پہلا نمبر جبکہ بھارت کے دوسرے دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ 450 سکور سے دہلی دوسرے اور 201 سکور سے کلکتہ تیسرے (بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی، پٹھوہار ڈویژن پولیس کی کارروائی

مختلف مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری مجرمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پٹھوہار ڈویژن پولیس نے مختلف مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری مجرمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس کو مطلوب قادر آباد سے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 39)

مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ارشد کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2022 سے تھانہ صدر واہ پولیس کو مطلوب تھا۔ آر اے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے

ڈیل کا الزام لگانے والے ڈیل کر کے باہر گئے، پیر سڑ سیف

حکومت بتائے ڈیل کس سے ہو رہی ہے؟، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا کا بیان

پشاور (انٹرنیوز) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا پیر سڑ سیف نے کہا ہے کہ ڈیل کا الزام لگانے والے ڈیل کر کے باہر گئے، حکومت بتائے ڈیل کس سے ہو رہی ہے؟ حکومت تو آپ ہی کی ہے۔ انہوں کو اپنے ایک بیان میں پیر سڑ سیف نے کہا کہ نواز شریف، شہباز شریف، زرداری والے ڈیل کر کے باہر گئے، حکومت بتائے ڈیل کس سے ہو رہی ہے؟ حکومت تو آپ ہی کی ہے۔ صوبائی مشیر (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز، 7 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد جہانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کے دوران کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 7 ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد جہانی کی ہدایت پر (بقیہ نمبر 40)

موٹر سائیکل اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی پولیس نے موٹر سائیکل اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار کر کے چوری شدہ موٹر سائیکل اور مسروقہ رقم 28 ہزار روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 2)

دو روز قبل اغوا ہونیوالا 10 سالہ بچے کو اس کے باپ سے رنجش کی بنا پر قتل کیا

ملزم گرفتار، ملزم نے بچے کو اس کے باپ سے رنجش کی بنا پر قتل کیا

کیسر والا (اے ایف پی) کیسر والا میں دو روز قبل اغوا ہونے والے دس سالہ بچے کی بوری بند لاش برآمد ہوئی ہے جبکہ قاتل کو بھی گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس نے (بقیہ نمبر 8)

تفصیل کے مطابق کیسر والا میں دو روز قبل 10 سالہ بچہ اغوا ہو گیا تھا جس کے بعد گزشتہ روز اس کی لاش ملی ہے، پولیس نے

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی پولیس نے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کر کے چھینا گیا موٹر سائیکل، مسروقہ رقم 15 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد میں فضائی آلودگی سے نمٹنے کیلئے دفعہ 144 نافذ

گاڑیوں، فیکٹریوں، بھٹوں سے زہریلی گیسوں کے اخراج پر پابندی عائد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں فضائی آلودگی سے نمٹنے کے لیے ضلعی انتظامیہ نے دفعہ 144 کے تحت پابندیاں عائد کر دیں۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسلام آباد کی جانب سے زہریلی گیسوں کا اخراج روکنے کیلئے احکامات جاری کر دیئے گئے (بقیہ نمبر 7)

غیر متعدی امراض کے خوراک سے منسلقہ سیمینار سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

گیس چوروں کیخلاف ایکشن، 125 کنکشنز منقطع، جرمانے

لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 26 کنکشن اور کیپر سر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا

گجرات میں 1 غیر قانونی کنکشن اور کیپر سر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے گئے، سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کے جاری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں گیس چوری کے مزید 125 کنکشن منقطع کر دیے ہیں، جبکہ 37 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ لاہور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 26 کنکشن اور کیپر سر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا، اور مجموعی طور پر 16 لاکھ 30 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ گوجرانوالہ میں 4 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے اور 3 لاکھ 60 ہزار روپے کا جرمانہ کیا گیا۔ گجرات میں 1 غیر قانونی کنکشن اور کیپر سر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں 4 غیر قانونی کنکشن منقطع کر کے 50 ہزار روپے کا جرمانہ کیا گیا۔ شیخوپورہ میں (بقیہ نمبر 32)

SUI NORTHERN

رائے ونڈ: ریسکیو اہلکار روہی نالے میں گرنے والی بس سے زخمیوں کو ریسکیو کر رہے ہیں۔

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

قطر کا تین ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا عندیہ

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قطری تاجروں کو پاکستانی معیشت کے اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی ہے۔ وزیراعظم سے شیخ فیصل بن قاسم الثانی کی سربراہی میں قطر بزنس مین ایسوسی ایشن (کیو بی اے) کے وفد نے دوحہ میں ملاقات کی جس میں اقتصادی تعلقات کو مزید گہرا کرنے اور تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں قطر کی سرکردہ کاروباری شخصیات کے علاوہ معیشت کے بااثر شعبوں کے نمائندگان بھی شامل تھے۔ وزیراطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ قطر پاکستان میں تین ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا۔

وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ سعودی عرب و قطر کامیابی سے ہمکنار ہوا۔ سعودی عرب پاکستان میں کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ اس حوالے سے کئی معاہدوں پر اور یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ قطر کی طرف سے پاکستان میں تین ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ ان دو ممالک کے علاوہ بھی کئی ممالک پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے پر تیار ہیں۔ سرمایہ کاری سے یقیناً پاکستان کی معیشت مضبوط ہوگی اس کے ساتھ ساتھ بے روزگاری کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ ملک میں سالانہ اربوں ڈالر کی ریمیٹنسز آتی ہیں، محاصل کی مد میں ہے ایک خطیر رقم جمع ہوتی ہے۔ پاکستان کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ ان رقوم کا بہت بڑا حصہ بیرونی قرضوں اور سود کی ادائیگی میں چلا جاتا ہے۔ اگر ان قرضوں سے نجات حاصل کر لی جائے تو پاکستان خود انحصاری کی طرف آ سکتا ہے۔ جس طرح پاکستان میں سرمایہ کاری آ رہی ہے اس سے ایک امید پیدا ہوئی ہے۔ یہ امید اسی طرح یقین میں تبدیل ہو سکتی ہے جب سرمایہ کاروں کے لیے پاکستان میں بہترین ماحول ہو۔ پاکستان میں سیاسی استحکام ضروری ہے اس کے ساتھ ساتھ انرجی کا وافر اور سستا ہونا بھی لازم ہے۔ بجلی کی قیمتیں جس طرح بہت زیادہ بڑھا دی گئی ہیں اس نے عام آدمی کی زندگی اجیرن کر کے رکھ دی ہے اس کے ساتھ سرمایہ کار بھی مایوسی سے دوچار ہیں۔ حکومت کو اس حوالے سے بلا تاخیر اقدامات اٹھانا ہوں گے۔

نادر کاکوروی اور آئرلینڈی شاعر تھامس مور کی نظم نگاری کا تقابلی مطالعہ

سرعام


ڈاکٹر رحمت عزیز خان چترالی

نادر کاکوروی اردو کے ممتاز شاعر اور تھامس مور آئرلینڈ کے انگریزی زبان کے شاعر ہیں، دونوں شعرا کی شاعری کے موازنہ سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ دونوں شاعروں نے اپنی اپنی نظموں میں انسانی جذبات، بچپن کی یادوں، اور ماضی کی تلخ و شیریں یادوں کو انتہائی خوبصورتی سے پیش کیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ نادر کاکوروی کی نظم ”اکثر شب تنہائی میں“ دراصل تھامس مور کی مشہور انگریزی نظم کا ترجمہ ہے، لیکن اس ترجمے میں احساسات و جذبات کی وہی شدت اور دلکشی موجود ہے جو اصل نظم میں پائی جاتی ہے۔

دونوں نظموں کا مرکزی خیال تنہائی کے لمحات میں گزری ہوئی زندگی، دوستوں کی محبت اور کھوئے ہوئے لمحات کی یادیں ہیں۔ تھامس مور نے اپنی نظم میں یادوں کو رات کے خاموش اور ساکن لمحوں سے تشبیہ دی ہے۔ اس صورت حال کے دوران گزرے ہوئے لمحات کی یادوں کا سلسلہ ان کے ذہن میں تازہ ہوتا ہے اور وہ ماضی کے خوشی اور غم بھرے دنوں کو یاد کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ جبکہ نادر کاکوروی نے بھی اپنی نظم میں ان ہی جذبات کو پیش کرتے ہوئے نظر آتے ہے، لیکن نادر کاکوروی نے اردو کے مخصوص انداز اور الفاظ کے استعمال سے اس میں مزید دلکشی اور گہرائی پیدا کی ہے۔

نادر کاکوروی کے ترجمے میں جذبات کی مکمل عکاسی کی گئی ہے۔ نادر کاکوروی کا ترجمہ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے اصل نظم اردو میں ہی لکھی گئی ہو۔ انہوں نے نظم کے جذبات، احساسات اور منظرنگاری کو بڑی خوبصورتی سے اردو میں منتقل کرنے کی کوشش کی ہے۔ جہاں تھامس مور نے "Fond memory brings the light" جیسے الفاظ میں ماضی کی یادوں کو زندہ کرنے کا ذکر کیا ہے، وہیں نادر کاکوروی نے اردو میں اسے "بنتے ہیں شمع زندگی" جیسے خوبصورت الفاظ میں بیان کیا ہے۔ یہ الفاظ نہ صرف ماضی کی خوبصورت یادوں کی عکاسی کرتے ہیں بلکہ ان کی گہرائی کو بھی بخوبی ظاہر کرتے ہیں۔

دونوں نظموں میں تنہائی اور ویرانی کا ذکر خوبصورتی سے کیا گیا ہے تھامس مور نے اپنی انگریزی نظم میں تنہائی اور کھوئے ہوئے دوستوں کی یاد کو ایک ویران جشن گاہ کی مانند پیش کیا ہے، جہاں تمام چراغ بجھ چکے ہیں اور خوشیاں ماند پڑ چکی ہیں۔ جبکہ نادر کاکوروی نے اسی خیال کو اردو میں ایک ویران اور خالی گھر کے طور پر پیش کیا ہے جس کے در و دیوار شکستہ ہیں، کھڑکیاں ٹوٹ چکی ہیں، اور اندھیرے کا راج ہے۔ یہ بیان اردو نظم میں ایک خاص ویرانی اور اُداسی کی فضا پیدا کرتا ہے جو کہ پڑھنے والے کے دل کو چھو لیتا ہے۔

نادر کاکوروی نے نظم میں اردو کی خاص تشبیہات، تلمیحات اور استعارے استعمال کیے ہیں جیسے "اک سبزۂ پامال ہے، اک پھول کملایا ہوا، ٹوٹا ہوا، بکھرا ہوا" جو کہ نظم کے اُداسی بھرے ماحول کو مزید گہرا اور دلکش بناتے ہیں۔ جبکہ تھامس مور کی نظم میں بھی ایسی ہی جذباتی تشبیہات موجود ہیں جو وقت کے گزرتے اثرات کو ظاہر کرتی ہیں۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ نادر کاکوروی اور تھامس مور دونوں نے اپنی نظموں میں تنہائی اور ماضی کی یادوں کے ذریعے ایک گہری جذباتی کیفیت کو اجاگر کیا ہے۔ دونوں شاعروں کی نظموں میں وہی افسردگی، ماضی کی کھوئی ہوئی خوشیاں، اور یادوں کی تلخی و مٹھاس محسوس ہوتی ہے۔ نادر کاکوروی کا اردو ترجمہ اصل نظم کے جذبات کی مکمل عکاسی کرتا ہے اور اسے اردو کے قارئین کے لیے ایک یادگار اور دلکش انداز میں پیش کرتا ہے۔ اہل ذوق قارئین کے مطالعے کے لیے اردو اور انگریزی دونوں نظمیں پیش خدمت ہیں۔

اکثر شب تنہائی میں
کچھ دیر پہلے نیند سے
گزری ہوئی دلچسپیاں
بیتے ہوئے دن عیش کے
بنتے ہیں شمع زندگی
اور ڈالتے ہیں روشنی
میرے دلِ صد چاک پر
وہ بچپن اور وہ سادگی
وہ رونا اور ہنسنا کبھی
پھر وہ جوانی کے مزے
وہ دل لگی، وہ قہقہے
وہ عشق، وہ عہدِ وفا
وہ وعدہ اور وہ شکریہ
وہ لذت بزم طرب
یاد آتے ہیں ایک ایک سب
دل کا کنول جو روز و شب
رہتا شگفتہ تھا سو اب
اس کا یہ ابتر حال ہے
اک سبزۂ پامال ہے
اک پھول کملایا ہوا
ٹوٹا ہوا، بکھرا ہوا
روندا پڑا ہے خاک پر
یوں ہی شب تنہائی میں
کچھ دیر پہلے نیند سے
گزری ہوئی ناکامیاں
بیتے ہوئے دن رنج کے
بنتے ہیں شمع بے کسی
اور ڈالتے ہیں روشنی
ان حسرتوں کی قبر پر
جو آرزوئیں پہلے تھیں
پھر غم سے حسرت بن گئیں
غم دوستوں کی فوت کا
ان کی جوانا موت کا
لے دیکھ شیشے میں مرے
ان حسرتوں کا خون ہے
جو گردش ایام سے
جو قسمتِ ناکام سے
یا عیشِ غم انجام سے
مرگِ بتِ گلفام سے
خود میرے غم میں مر گئیں
کس طرح پاؤں میں حزیں
قابو دلِ بے صبر پر
جب آہ ان احباب کو
میں یاد کر اٹھتا ہوں جو
یوں مجھ سے پہلے اُٹھ گئے
جس طرح طائر باغ کے
یا جیسے پھول اور پتیاں
گر جائیں سب قبل از خزاں
اور خشک رہ جائے شجر
اس وقت تنہائی مری
بن کر مجسّم بے کسی
کر دیتی ہے پیش نظر
ہُو حق سا اِک ویران گھر
ویراں جس کو چھوڑ کے
سب رہنے والے چل بسے
ٹوٹے کواڑ اور کھڑکیاں
چھت کے ٹپکنے کے نشاں
پرنالے ہیں روزن نہیں
یہ ہال ہے آنگن نہیں
پردے نہیں، چلمن نہیں
اک شمع تک روشن نہیں
میرے سوا جس میں کوئی

چوہدری صاحب

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

پچھلے کئی دنوں سے چوہدری احمد یار صاحب مجھے مسلسل کال کر کے ملنے کا وقت پوچھ رہے تھے چوہدری صاحب سے میری شناسائی چند سالوں سے تھی وہ ایک مہذب شائستہ ملنسار خاندانی آدمی تھے پہلے بھی اگر ملنے کی بات کرتے اور میں مصروفیت کا بہانا بناتا تو نہایت شائستگی سے کہتے چلیں جب آپ کے لیے آسانی ہو مجھے بتایئے گا میں حاضر ہو جاؤں گا چوہدری صاحب گجرات کے قریب گاؤں سے تھے درمیانے درجے کے زمیندار تھے لیکن رکھ رکھاؤ میل جول میں بڑے زمینداروں والا برتاؤ کرتے ان کی گفتگو میل ملاپ میں بڑے آدمی والی ساری ساری خوبیاں تھیں میاں محمد بخش اور وارث شاہ کا کام حفظ تھا جب بھی ملتے ہیر وارث شاہ میں وارث شاہ کا وہ کلام جس میں حکمت و معرفت کے موتی چنے ہوتے تھے یا میاں محمد بخش کا عارفانہ کلام جو معرفت کے رنگ میں رنگا ہوتا مصری کی ڈلیوں کی طرح چوس چوس کر بلکہ لہک لہک کر جب سناتے تو ماحول پر وجد انگیز سرور آمیز سی چادر تن جاتی اور روح کیف و سرور کے نئے جہانوں سے متعارف ہو جاتی اِس لیے میں چوہدری صاحب کی کمپنی بہت انجوائے کرتا تھا اِس لیے جب بھی چوہدری صاحب لاہور کی طرف آتے تو مجھ سے میری فرصت کا پوچھ کر آ جاتے چوہدری صاحب کا اولیاء اللہ سے لگاؤ اور تصوف کی شاعری کا ذوق ہم دونوں کو قریب لے آیا تھا کیونکہ میرا بچپن جوانی بھی دیہی زندگی سے گزری ہے اِس لیے چند ملاقاتوں کے بعد ہی ہم شناسائی سے گزرتے ہوئے دوستی میں ڈھل گئے میں چوہدری صاحب کو فرصت کے وقت ہی بلاتا تا کہ میں چوہدری صاحب کے شاعرانہ ذوق اور اولیاء اللہ سے محبت کو اچھے طریقے سے انجوائے کر سکوں اب کی بار میں تھوڑا مصروف تھا وقت نکالنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن اِس بار حیران کن طور پر چوہدری صاحب اپنے ماضی کے برعکس بار بار فون کر رہے تھے اور ساتھ میں پرزور تقاضہ التجا بھی کر رہے تھے کہ میں نے خاص بندے کو آپ سے ملانا ہے آپ برائے مہربانی جلدی وقت دیں تا کہ میں اُس خاص بندے کو آپ کے پاس لا سکوں جب چوہدری صاحب نے بار بار خاص بندے کا تذکرہ کیا تو میں بھی الرٹ ہو گیا کہ یہ چوہدری صاحب کا مزاج نہیں ہے اِس طرح بار بار ملنے کا کہنا ورنہ جب میں چوہدری صاحب سے کہتا کہ چوہدری صاحب مصروف ہوں تو وہ فوری طور پر گپ شپ کے بعد فون آف کر دیتے لیکن اِس بار وہ بار بار ملنے اور وقت کا تقاضہ کر رہے تھے چوہدری صاحب کے اِس بدلے ہوئے رویے نے مجھے الرٹ کر دیا کہ یہ واقعی کوئی خاص بات ہے کوئی خاص شخصیت ہے جس کی وجہ سے چوہدری صاحب جلدی ملاقات وقت کا مطالبہ کر رہے ہیں لہٰذا میں نے اگلے ہی دن چوہدری صاحب کو بلالیا چوہدری صاحب اگلے دن مقررہ وقت پر دیہات کی نیچرل سوغاتوں کے ساتھ تعلق کی مٹھاس نبھانے آ گئے ’چوہدری صاحب گاؤں کی سوغاتوں کو جب ڈھیر کر چکے تو میں اُس شخص کی تلاش میں تھا لیکن چوہدری صاحب کے ساتھ تو اُن کا پرانا خاندانی ملازم تھا جو بیمار لگ رہا تھا میں چوہدری صاحب کو احترام محبت کے ساتھ ڈرائینگ روم میں لایا اور صوفے پر بٹھایا اِس بار چوہدری صاحب اپنے خاندانی ملازم کو بھی ساتھ اندر لائے اور اپنے ساتھ بٹھایا میرے دماغ میں ابھی بھی وہ خاص شخص کا سوال مچل رہا تھا کہ وہ جس کی وجہ سے چوہدری صاحب بار بار ملنے کا تقاضہ کر رہے تھے وہ کدھر ہے کیا وہ ابھی راستے میں ہے یا آج وہ نہیں آئے گا تو چوہدری صاحب مسکرا دیئے اپنے ساتھ بیٹھے ملازم کے کندھے پر شفقت بھرا ہاتھ رکھا اور کہا میں جس خاص بندے کے لیے آپ سے وقت مانگ رہا تھا جس کو آپ سے ملانا تھا وہ خاص بندہ میرا یہ خاندانی پرانا ملازم ہے جس کو آپ سے ملانا تھا میں نے حیرت سے ملازم کی طرف دیکھا جو مودب ہو کر سر جھکائے بیٹھا تھا چوہدری صاحب شفیق نظروں سے ملازم کی طرف دیکھ رہے تھے اُس کی پریشانی کو محسوس کر کے اُس کو دور کرنا چاہتے تھے چوہدری صاحب کی اپنے ملازموں سے محبت شفقت بہت اچھی لگی بلکہ دل چوہدری صاحب کے احترام اور مقام سے بھر گیا حیرت یہ تھی کہ چوہدری صاحب کتنے دنوں سے جس خاص بندے کا ذکر کر رہے تھے وہ معاشرے کا کوئی بااثر بندہ نہیں بلکہ اِن کا ذاتی خاندانی ملازم تھا چوہدری صاحب صرف نام کے چوہدری نہیں بلکہ کردار کے بھی چوہدری تھے اب میں ملازم کی طرف متوجہ ہوا اور پوچھا کہ جناب میں آپ کی کیا مدد یا خدمت کر سکتا ہوں تو ملازم دھیمے لہجے میں بولنا شروع ہوا تو چوہدری صاحب نے بولنا شروع کیا جناب یہ سادہ بندہ آپ کو کیا بتائے گا میں آپ کو اِس کی پریشانی بتاتا ہوں جس نے اِس کی اور میری نیند اڑا رکھی ہے یہ بیچارہ اپنی شادی شدہ بیٹی کی وجہ سے بہت پریشان ہے اِس کی پریشانی مجھ سے بھی نہیں دیکھی جاتی اِس کا داماد کسی دوسری عورت کے چکر میں الجھ کر اِس کی بیٹی کو مارتا ہے بلکہ گھر سے بھی نکال دیا ہے وہ بیچاری تین بچوں کے ساتھ میکے آ گئی ہے جوان بیٹی بچوں کے ساتھ والدین کے گھر آئے تو والدین تو ادموئے ہو جائیں گے چوہدری صاحب دیر تک ملازم کی بیٹی پر ہونے والے مظالم بتاتے رہے میں نے ذکر اذکار وظیفے بتائے اور ملازم کو حوصلہ دیا کہ انشاء اللہ چند دنوں میں ہی اللہ کی مدد سے بیٹی اپنے گھر چلی جائے گی پھر ملازم باہر جا کر گاڑی میں بیٹھ گیا تو میں چوہدری صاحب سے بولا جناب آپ کی اپنے ملازم سے محبت شفقت دیکھ کر مجھے بہت اچھا لگا میں تو کسی بڑے آدمی کے انتظار میں تھا لیکن آپ کا خاص بندہ آپ کا ملازم نکلا تو چوہدری صاحب بولے میرے والد صاحب فرمایا کرتے تھے اگر کسی انسان کو پرکھنا ہو تو دیکھو اُس کا ملازم اور دوست کتنے پرانے ہیں خاندانی انسان اپنے ملازم اور دوست نہیں بدلتا دوسری بات جب میں نے مرنا ہے تو اُس وقت میری چارپائی کو کندھا میرے عام غریب دوستوں اور ملازموں نے دینا ہے امیر دوست رشتہ دار تو مہنگی گاڑیوں میں بیٹھ کر قبرستان پہنچیں گے اہم بات جن ملازموں نے ساری زندگی آپ کی خدمت کی ایمانداری سے نوکری کی ان کا آپ پر حق ہے جنہوں نے آپ کو اپنی جوانی دے دی خدمت کی بڑھاپے میں آپ ان کو چھوڑ دیں نہیں ان کا اپنوں کی طرح خیال رکھیں آپ کی اولاد آپ کی دولت پر عیش کرتی ہے ملازم دکھ میں آپ کا ساتھ دیتے ہیں یہی اللہ رسول ﷺ کا فرمان بھی ہے چوہدری صاحب جب ڈھیر ساری باتوں کے بعد جب جانے لگے تو میں نے گرم جوشی سے جپھی ڈالی اور کہا چوہدری صاحب آپ نام کے ہی چوہدری نہیں کردار کے بھی چوہدری ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

44 سالہ کرینہ کپور کے بالی ووڈ میں 25 سال مکمل ہو گئے

بالی ووڈ میں خود کی تشکیل نو کرنا اور اسے برقرار رکھنا مشکل کام ہے، کرینہ کپور

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی خوبرو اداکارہ کرینہ کپور نے کہا ہے کہ بھارتی فلمی صنعت میں خود کی تشکیل نو کرنا اور اُسے برقرار رکھنا مشکل کام ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق کرینہ کپور نے بالی ووڈ کو مردوں کی بالادستی رکھنے والی صنعت قرار دیا اور کہا کہ اس شعبے میں خود کو نئے سرے سے بنانا اور اسے برقرار رکھنا مشکل کام ہے۔ 44 سالہ کرینہ کپور کے بالی ووڈ میں 25 سال مکمل ہو گئے ہیں، انہوں نے ابھیشیک بچن کے مقابل فلم ’ریفیوجی‘ سے ڈیبیو کیا تھا، وہ جلد ہی روہت شیٹی کی ’سنگھم اگین‘ میں نظر آئیں گی۔

ماہرہ خان فلم رئیس کا حصہ کیسے بنیں، ڈائریکٹر نے راز سے پردہ اٹھادیا

بھارتی فلم رئیس میں ماہرہ خان نے بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان کے مدمقابل کام کیا تھا

ممبئی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ ماہرہ خان 2017 میں بالی ووڈ فلم ’رئیس‘ کا حصہ کیسے بنیں، فلم کے ہدایت کار راہول ڈھولکیا نے اس راز سے پردہ اٹھا دیا۔ بھارتی فلم رئیس میں ماہرہ خان نے بالی ووڈ کنگ شاہ رخ خان کے مدمقابل کام کیا تھا، رئیس ماہرہ خان کے کیریئر میں بالی ووڈ کی پہلی اور آخری فلم ثابت ہوئی تھی، کیونکہ ہندو انتہا پسندوں کی جانب سے انہیں فلم کی ریلیز سے قبل ہی دھمکیاں ملنا شروع ہو گئی تھیں۔ انتہا پسندوں کی دھمکیوں کی وجہ سے ماہرہ خان فلم کی تشہیر کرنے کے قابل بھی نہیں تھیں، لیکن فلم میں ان کے کام کو مداحوں نے پسند کیا اور انہیں فلم میں آسیہ کا کردار ادا کرنے کے لئے بھی بہت تعریف ملی۔ ’رئیس‘ میں ماہرہ خان کی کاسٹنگ کے حوالے سے کئی کہانیاں سامنے آئی جن میں مختلف دعوے کیے گئے تھے کہ اس کردار میں کس کو کاسٹ کیا جائے گا۔ فلم ’رئیس‘ کے ہدایت کار راہول ڈھولکیا نے بالآخر انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے ماہرہ خان کو کیسے تلاش کیا اور وہ اس فلم کا حصہ بن گئیں۔

سومی علی نے سلمان خان کے دفاع کی اصل وجہ بتادی

سلمان خان بشنوئی برادری کے نزدیک کالے ہرن کی اہمیت سے ناواقف تھے



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے بھائی جان سلمان خان کی سابقہ گرل فرینڈ سومی علی نے بشنوئی کمیونٹی کے بارے میں حیرت انگیز انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 48 سالہ سومی علی نے بریک اپ کے بعد بھی سلمان خان کا دفاع کرنے کی اصل وجہ بتادی۔ انہوں نے یہ انکشاف سلمان خان کو لارنس بشنوئی گینگ کی طرف سے قتل کی دھمکیاں ملنے کے بعد کیا ہے اور کہا کہ میری سپر اسٹار اداکار سے کالے ہرن کے قتل کے معاملے پر بات ہوئی تھی، اس نے مجھے اس بارے میں تفصیل بھی بتائی تھی۔

میں نے والدین کو بہت چھوٹی عمر میں ہی کھودیا تھا، اداکارہ ریشم

تہجد کی نماز میں اللہ تعالیٰ سے بات کرنے سے مجھے بہت مدد ہوئی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ریشم نے تہجد کی نماز پڑھنے سے اپنی زندگی میں آنے والی تبدیلی کے بارے میں بات کی ہے۔ ریشم نے حال ہی میں ایک ویب شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی زندگی میں آنے والی رکاوٹوں اور تکلیفوں کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے والدین کو بہت چھوٹی عمر میں ہی کھو دیا تھا، میرے والد میری پیدائش سے پہلے انتقال کر گئے تھے اور میری ماں کا انتقال اس وقت ہوا جب میں 7 سال کی تھی۔ اداکارہ نے بتایا کہ میں نے اپنا کیریئر بنانے کے لیے بہت جدوجہد کی۔

بچے نہ ہونے سے زندگی میں خالی پن محسوس کرتا ہوں، انوپم کھیر

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار انوپم کھیر نے زندگی کے خالی پن کا شکوہ کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایک انٹرویو میں انوپم کھیر نے کہا کہ اپنے بچے نہ ہونے کی وجہ سے زندگی میں خالی پن محسوس کرتا ہوں۔ انوپم کھیر نے کہا کہ ہم بچوں کے ساتھ بہت زیادہ کام کرتے ہیں، بعض اوقات جب میں اپنے دوستوں کے بچوں اور اس طرح کی چیزوں کو دیکھتا ہوں تو کمی محسوس ہوتی ہے۔ انوپم نے کہا کہ میں نے اس سے پہلے اتنا محسوس نہیں کیا تھا لیکن اب سات آٹھ سال سے مجھے اس بات کا شدت سے احساس ہوتا ہے، میری زندگی میں کوئی المیہ نہیں ہے مگر مجھے کبھی کبھی لگتا ہے کہ اگر بچے ہوتے تو یہ ایک اچھی چیز ہوتی۔

کشور کمار کی زندگی پر فلم، عامر نے تیاری شروع کردی

عامر خان کے پاس اس وقت چھ فلمیں زیرغور ہیں، جس میں کشور کمار کی زندگی پر بنی فلم بھی شامل ہے



ممبئی (این این آئی) ہندی سینما کے عہد ساز اداکار و گلوکار کشور کمار کی زندگی پر بننے والی فلم میں کام کرنے کے حوالے سے بالی ووڈ سپر اسٹار عامر خان کا نام لیا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ 59 سالہ عامر خان کا شمار بالی کے بڑے اور آئیکونک اداکاروں میں ہوتا ہے اور وہ تسلسل کے ساتھ باکس آفس پر کئی ہٹ فلموں میں کام کر چکے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کشور کمار کی زندگی پر فلم ایک ایسا موضوع ہے جو کہ فلم ڈائریکٹر انوراگ باسو اور پروڈیوسر بھوشن کمار کے ذہنوں میں ہے اور اب وہ اسے بہتر انداز میں ممکنہ طور پر سامنے لانا چاہتے ہیں۔

سوشل میڈیا دور میں ٹرولنگ زندگی کا لازمی حصہ ہے، کاجول

میری زندگی کا بیشتر حصہ سوشل میڈیا کے بغیر گزرا ہے، بالی ووڈ اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کاجول نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا کے دور میں مشہور شخصیت کیلئے ٹرولنگ زندگی کا لازمی حصہ بن گئی ہے۔ کاجول نے ایک تقریب کے دوران سوشل میڈیا ٹرولنگ سے نمٹنے، کیریئر میں توازن برقرار رکھنے اور مشہور شخصیت کی زندگی کی پیچیدگیوں پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر زیرگردش گلیمرس تصاویر اور اُن کے پیچھے کی حقیقت سے متعلق بھی اظہار خیال کیا۔ اداکارہ نے کہا کہ میں شکرگزار ہوں کہ میری زندگی کا بیشتر حصہ سوشل میڈیا کے بغیر گزرا ہے، 6 سال پہلے ہی سماجی رابطے کی دنیا میں قدم رکھا ہے، یہاں زندگی غیرحقیقی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ میری ریڈ کارپٹ کی تصاویر دیکھیں گے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ میں صبح 5 بجے اٹھ جاتی ہوں اور رات ساڑھے 11 بجے تھک ہار کر گھر واپس لوٹتی ہوں۔

SPORTS سپورٹس

لاہور: انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں اسٹرائیکرز کی بیٹسمین شارٹ کھیل رہی ہے، فائنل میں کانکررز کی ٹیم نے کامیابی حاصل کی۔ (فوٹو: این این آئی)

اسلام آباد بیس بال ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل ہو گئے

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد بیس بال ایسوسی ایشن کے آئندہ چار سال کے لئے انتخابات مکمل ہو گئے۔ ملک شہزاد احمد کو چیئرمین، عارف شہزاد کو صدر اور طاہر محمود پاپا کو آئندہ چار سال کے لئے جنرل سیکرٹری منتخب کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نو منتخب عہدیداروں میں چیئرمین ملک شہزاد احمد، صدر عارف شہزاد، سینئر نائب صدر سارک علی، نائب صدور روح اللہ اور گل جان، جنرل سیکرٹری طاہر محمود پاپا، فنانس سیکرٹری محمد رمضان قصوری، جوائنٹ سیکرٹریز امین آفریدی اور عبدالصمد شامل ہیں جبکہ مجلس عاملہ کے اراکین میں شازیہ یاسین، حنا عروج، زبیر ودو، زاہد آفریدی اور تنویر احمد شامل ہیں۔

ماضی میں جو کچھ ہوا اسے بھول کر آگے بڑھنا ہے

پاکستان سب سے پہلے، جو کھلاڑی بہتر ہو گا وہی ٹیم کا حصہ ہوگا، محمد رضوان

میلبرن (اے ایف پی) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے کہا ہے کہ ہمارے لیے پاکستان سب سے پہلے ہے، جو کھلاڑی بہتر ہو گا وہی ٹیم کا حصہ ہوگا، ماضی میں جو کچھ ہوا اسے بھول کر آگے بڑھنا ہے، پلیئنگ الیون میں میری بھی مشاورت ہوگی لیکن باقی لوگوں کی ان پٹ ہونا اچھی چیز ہے۔ آسٹریلیا کے خلاف پہلے ایک روزہ انٹرنیشنل میچ سے قبل میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے قومی ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے کہا کہ ماضی میں جو کچھ ہوا اسے بھول کر آگے بڑھنا ہے، سلیکشن کمیٹی کے ممبر کے یہاں ہونے سے میں خوش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پلیئنگ الیون میں میری بھی مشاورت ہوگی لیکن باقی لوگوں کی ان پٹ ہونا اچھی چیز ہے، میں مشاورت کے ساتھ چلنے والوں میں سے ہوں، نوجوان کھلاڑیوں کے بھی مشورے لیتا ہوں، ابھی جو نوجوان کھلاڑی آئے ہیں ان کے پاس بھی موقع ہے۔ محمد رضوان نے کہا کہ بابر اعظم، شاہین اور نسیم کی پاکستان کے لیے بہت پرفارمنس رہی ہیں، آج بابر اور شاہین کا نام ان کی اپنی پرفارمنس کی وجہ سے ہی ہے، کھلاڑیوں پر برا وقت آتا ہے، وہ بھی اسی چیز سے گزر رہے ہیں، بابر اور شاہین اس چیز کو سمجھتے ہیں اور میں بھی انہیں جتنا ہو سکا، سپورٹ کروں گا۔ کپتان وائٹ بال ٹیم نے کہا کہ نسیم شاہ اپنی انجریز کی وجہ سے ان آؤٹ ہوتے رہے ہیں، فخر اور امام کی بہت پرفارمنس ہیں، فخر اوپر سے تیزی سے رنز کرتے تھے، فخر گیم چینجر کھلاڑی بھی ہے اور اس کے رنز کا بہت فرق پڑتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دنیا کی کرکٹ کو فالو نہیں کرنا، ہم نے اپنے وسائل کو دیکھنا ہے، ہمارے لیے پاکستان سب سے پہلے ہے، جو پلیئر بہتر ہوگا وہی ٹیم کا حصہ ہوگا، میرے لیے سب کپتان ہیں۔

قذافی اسٹیڈیم کی اپ گریڈیشن کا کام 50 فیصد مکمل

چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ سے قبل قذافی اسٹیڈیم کی تکمیل کا چیلنج پورا کرنا ہے

لاہور (اے ایف پی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے کہا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ سے قبل قذافی اسٹیڈیم کی تکمیل کا چیلنج پورا کرنا ہے، یہ اسٹیڈیم اب عالمی معیار کا بننے جا رہا ہے۔ تفصیل کے مطابق لاہور کے قذافی اسٹیڈیم اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا مجموعی طور پر تقریباً 50 فیصد کام مکمل ہو گیا۔ اسٹیڈیم کے انکلوژرز اور مین بلڈنگ کے فلورز کا کام تیز کر دیا گیا ہے جبکہ مین اور آفس بلڈنگ کے فلورز تکمیل کے آخری مرحلے میں ہیں، مین بلڈنگ میں کرکٹ میوزیم اور سوونیئر شاپ بھی بنے گی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے قذافی اسٹیڈیم کا تفصیلی دورہ کیا اور منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ محسن نقوی نے پراجیکٹ کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا اور اس پر اطمینان کا اظہار کیا۔ علاوہ ازیں چیئرمین پی سی بی کی زیر صدارت ایف ڈبلیو او کے کیمپ آفس میں اجلاس ہوا جس میں ڈرائنگز کے ذریعے پراجیکٹ کے خدوخال کا جائزہ لیا گیا۔

بال ٹیمپرنگ کے الزام پر بال تبدیل کر دیا گیا

بھارت اے کرکٹ ٹیم پر آسٹریلیا میں بال ٹیمپرنگ کا الزام لگ گیا

سڈنی (اے ایف پی) بھارت کی اے کرکٹ ٹیم آسٹریلیا میں بال ٹیمپرنگ کے الزام کی زد میں آ گئی۔ آسٹریلوی شہر میکے میں کھیلے گئے میچ میں آسٹریلیا اے نے بھارتی اے کرکٹ ٹیم کو 7 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق بھارتی کرکٹ ٹیم پر آسٹریلیا اے کے خلاف میچ میں بال ٹیمپرنگ کا الزام لگا ہے، بال تبدیل کرنے کے معاملے پر بھارتی کھلاڑی نے امپائر کیلئے تلخ جملے استعمال کیے۔ آسٹریلوی میڈیا کا بتانا ہے کہ بھارت اور آسٹریلیا کی اے کی ٹیموں کے درمیان میچ کے آخری روز بال تبدیل کیا گیا تھا، میچ کے آخری دن آسٹریلیا کو جیت کے لیے 86 رنز درکار تھے لیکن اس روز بال ٹیمپرنگ کے الزام پر بال تبدیل کر دیا گیا۔ جس کے بعد بھارتی کھلاڑی امپائر شان کریگ کے گرد جمع ہو کر بال تبدیل کرنے پر سوال کرنے لگے، اس دوران شان کریگ کو اسٹمپ مائیک سے کہتے سنا گیا کہ جب آپ بال کھرچیں گے تو ہم بال تبدیل کریں گے جس کے بعد بھارتی کھلاڑیوں نے امپائر سے بہت بحث کی۔ امپائر شان کریگ کا کہنا تھا کہ اب اور بحث نہیں ہوگی۔ کھیل کا آغاز کریں اس پر بات نہیں ہوگی، اگر آپ نے کھیلنا ہے تو جو بال آپ کے ہاتھ میں دیا گیا ہے۔

ساجد خان نے ٹیسٹ سیریز کی ٹرافیاں اپنے بیٹوں کو دے دیں

ساجد خان کی بیٹوں کو ٹرافیاں تھمانے والی سوشل میڈیا پوسٹ وائرل ہو گئی

اسلام آباد (اے ایف پی) قومی ٹیسٹ کرکٹر ساجد خان نے انگلینڈ کیخلاف ٹیسٹ سیریز کی ٹرافیاں اپنے بیٹوں کے حوالے کر دیں۔ ساجد خان کی بیٹوں کو ٹرافیاں تھمانے والی سوشل میڈیا پوسٹ وائرل ہو گئی۔ ٹیسٹ کرکٹر ساجد خان کو انگلینڈ کے خلاف سیریز میں پلیئر آف دی میچ اور پلیئر آف دی سیریز کی ٹرافیاں ملی تھیں۔ ساجد خان نے دونوں ٹرافیاں اپنے بیٹوں محمد ہاشمی اور محمد ہادی کو تھمائیں۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ساجد خان نے کہا ہے کہ یہ مسکراہٹ سب کچھ بتا رہی ہے، میرے پیارے لڑکے محمد ہاشمی اور محمد ہادی فخر سے ٹرافیوں کو تھامے ہوئے ہیں۔

SAY NO TO CORRUPTION"
عزم استحکام
PMDC PAKISTAN MINERAL DEVELOPMENT CORPORATION
HEAD OFFICE, 13-H-9, ISLAMABAD, 44790

INVITATION OF TENDER

Pakistan Mineral Development Corporation is an autonomous corporation under the administrative control of Ministry of Energy (Petroleum Division), Government of Pakistan invites sealed bid from the interested Parties/contractors registered with Sales Tax/Income Tax Departments and Punjab Revenue Authority, and who are on active taxpayers list of the Federal Board of Revenue, for (Loading & Transportation of Rock Salt to PMDC Bhelowal depot and/or M/s. LCI Khewra) from Makrach Mines No. 51 & 66. Tender forms containing detailed specifications and terms & conditions can be obtained on working days from PMDC Head Office at Plot No. 13, Sector H/9, Islamabad, Ph: No. 051-9265128 and PMDC Salt Mines, Makrach Distt. Jhelum. Ph. No. 0305-7530542 on payment of Rs.1,500/- each (Rupees one thousand five hundred only) (non-refundable). The bid prepared in accordance with the instructions in the bidding document alongwith bid money of Rs. 100,000/- for each mine in the shape of demand draft/pay order in the name of PMDC Salt Mines, Makrach on account of bidder must reach the undersigned through Registered Post or dropped in the tender box placed in the PMDC Salt Mines, Makrach upto 1100 hours on 29th November, 2024. Tenders will be opened on the same date at 1130 hours in the presence of participants who may desire to attend the tender opening.

PID(I)2991/24

PROJECT MANAGER
PMDC Salt Mines, Makrach. Ph No.0305-7530542

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 04 نومبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 04 نومبر 2024، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، NECORH-8/2-I، I-8/2 فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، I-10/1، F-6/1، علی پور، برما، وحید آباد، کھنہ ایسٹ، سی ڈی اے آفس، جی سکس، فلٹریشن پلانٹ، اسلام آباد کلب۔ا، نیو جی ایچ کیو، G-10/1، I-8/1، G-13/2-1، این پی ایف، ٹی اینڈ ٹی، کمپنی باغ، گھڑیال، پتریاٹہ، ٹریٹ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، پنڈ ہون، حیدری چوک، بی بلاک، جامع مسجد، ڈھوک کھبہ، شہید محمد دین، کھنہ۔ II، طارق شہید، سیکٹر۔ 4، کمیٹی چوک، طمسمہ آباد، میجر مسعود، جامع مسجد، گوالمنڈی، راجہ آباد، امین ٹاؤن، بنی، گنج بھاٹہ، عسکری الیون، ریڈیو پاک-ا، اظہر آباد، زرکون ہائیٹس، I-14/3، بینظیر بھٹو شہید فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، حیدر روڈ، رحیم آباد، PWD-I، محبوب شہید، گلستان کالونی، پارک ویو، لالکرتی، کلیال، حیال، گرجا۔ ا، چونگی نمبر۔ 22، پڑیال، نیو رواٹ، کہوٹہ سٹی۔ ا، چوک پنڈوری، کلر سیداں، غزن خان ساگری، ڈی ایچ اے ہومز، ریڈکو، گمٹی، جھٹہ ہتھیال، سکھو، نشان حیدر، بھل فیڈرز، اٹک سرکل، براہما، جھنگ، نواب آباد، غوری، سالار گاہ، نثار شہید، میوزیم، سہالہ، راشد منہاس، اے ڈبلیو ہاؤسنگ، منیر آباد، احمد نگر، حسن ابدال، ویلی، حضرو، دریائے شریف، ہٹیاں، قاضی آباد، جی بی ایچ پی، شمس آباد، نرتوپہ، اٹک رورل، ویسا، اکھوڑی، نیو سٹی، پنڈی گھیپ، ضیا والہ، قطبال، پنڈ سلطانی، کھوڑ، دھرنال، فتح جھنگ، لانی والہ، چھب فیڈرز، جہلم سرکل، F-5، جدہ، زبیر شہید، F-3، گل افشاں، منڈی بھلوال، چھپراں، شمس آباد، اکرم شہید، F-8، سول لائن، جاکھڑ، ایم ریاض شہید، کیپٹن نثار شہید، بھگوال، نیو چکیام، نیو سنگھوئی، دینہ۔ 4 سٹی، کرولی، بئی خان، چھپرن شریف، کنٹریلہ، کنگر ٹھاٹی فیڈرز، چکوال سرکل، بھون، لائن پارک، میگن، منارہ، اسلامیہ چوک، آدی، ڈھڈیال سٹی، سہیگلہ آباد، سرکال، بشارت، دریائے جالپ، دلوال، للہ ٹاؤن، کے ایس مانیز، ساغر پور، کوٹ چوہدریاں، کوٹ گلہ، کوٹ شیرا، پچند، جی پی او چوک، ملکوال، جاتلہ، پیرا فتیال، طاؤ محرم خان، دروت، میل، ونہار فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

4 گرفتار ملزمان سے اڑھائی کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے اڑھائی کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم سلیم کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 01 کلو 600 گرام چرس برآمد ہوئی، گرفتار ملزم قتل، منشیات، پولیس مزاحمت سمیت دیگر مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے، کہوٹہ پولیس نے ملزم سلیم کو گرفتار کرکے ملزم سے 01 کلو 155 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے ملزم نسیم کو گرفتار کرکے ملزم سے 05 لیٹر شراب برآمد کی، صادق آباد پولیس نے ملزم ارشد کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 04 بوتل شراب برآمد ہوئی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔

راولپنڈی، جرم ثابت ہونے پر 2 مجرمان کو 18 سال قید، 1 لاکھ 80 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات سپلائی کرنے والے 2 مجرمان کو مجموعی طور پر 18 سال قید اور 1 لاکھ 80 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں سنائیں گئیں۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالتوں نے منشیات سپلائی کرنے والے مجرمان کو سزائیں سنا دیں، منشیات سپلائر ناصر کو 09 سال قید اور 01 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی، مجرم کو ویسٹریج پولیس نے 01 کلو 50 گرام آئس برآمد ہونے پر رواں سال گرفتار کیا تھا، معزز عدالت نے منشیات سپلائر شہزاد کو 09 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی، مجرم کو تھانہ واہ کینٹ پولیس نے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد ہونے پر سال 2022 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمات کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں، مجرمان کو قرار واقعی سزائیں ملنے پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی ولیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔

ننکانہ صاحب، سموگ کا باعث بننے والے چار بھٹے، 15 فیکٹریاں سیل اور چھ لاکھ روپے جرمانہ

ننکانہ صاحب (این این آئی) ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب نے سموگ کے خلاف ماہ اکتوبر کی کارروائیوں کے اعدادوشمار جاری کر دیے۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کے مطابق محکمہ ماحولیات نے ماہ اکتوبر میں 411 انڈسٹریل یونٹس اور بھٹہ جات کی انسپکشن کی۔ سموگ کا باعث بننے والے 4 بھٹے سیل کیے گئے اور 6 پر ایف آئی آرز کا اندراج کروایا گیا۔ سموگ کا باعث بننے والے دیگر بھٹہ جات کو تین لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ محکمہ ماحولیات کی جانب سے سموگ کا باعث بننے والی 15 فیکٹریز کو سیل کیا گیا اور 2 فیکٹریوں کے مالکان پر پرچے درج کروائے گئے جبکہ سموگ کا باعث بننے والی دیگر فیکٹریز کو 6 لاکھ روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ ضلعی ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے ماہ اکتوبر میں مجموعی طور پر 1580 گاڑیوں کی انسپکشن کی اور سموگ کا باعث بننے والی 09 گاڑیوں کو قبضہ میں لیا گیا جبکہ دیگر گاڑیوں کو 1 لاکھ 80 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ انہوں نے محکمہ زراعت کی کارروائیوں بارے گفتگو میں بتایا کہ محکمہ زراعت کے افسران نے مجموعی طور پر 2085 مقامات کو چیک کیا، فصلوں کے بقیہ کو آگ لگانے پر 65 ایف آئی آرز کا اندراج کروایا گیا اور 08 افراد کو موقع سے گرفتار کیا

مری روڈ، مرسید چوک میں محنت کش گاہکوں کیلئے رضائیاں سجا رہا ہے (فوٹو این این آئی)

پیسہ لوٹا ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان رہائی کے بعد پاکستان میں ہی رہیں گے، بشریٰ بی بی بھی رہائی کے بعد پاکستان میں ہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنما باعزت بری ہوکر اپنے ہی عوام کے درمیان رہیں گے، ڈیل وہ کرتے ہیں جو ملک اور عوام چھوڑ کر باہر اپنے عالیشان محلات میں رہتے ہیں۔

بقیہ 1

پر روانگی سے قبل وزارت مذہبی امور کے ڈاکٹرز عازمین کا معائنہ کریں گے۔ حاجی کیمپس میں موجود ڈاکٹرز کے حتمی سرٹیفکیٹ کے بعد ہی عازمین کی روانگی ہوگی۔ واضح رہے کہ وزارت مذہبی امور نے کینسر، دل، جگر سمیت دیگر سنگین امراض میں مبتلا افراد کے حج پر پابندی لگا رکھی ہے۔

بقیہ 2

سے آپ کے بچے پولیو، خسرہ، ہیپاٹائٹس اور دیگر خطرناک بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔ ہماری ٹیم آپ کے علاقے میں موجود رہے گی۔ برائے مہربانی آئیں اور اپنے قریبی رشتہ داروں اور دوستوں کو اس مہم کے بارے میں آگاہ کریں، تاکہ ہر بچہ صحت مند ہو سکے اور ہم ضلع کشمور کو بیماریوں سے پاک بنا سکیں اور خاص کر یوسی جمال کے لوگوں سے گزارش ہے کہ وہ اپنے چھوٹوں کا خیال رکھیں۔ پھولوں جیسے معصوم بچوں کو زیادہ سے زیادہ ٹیکے لگوائیں۔

بقیہ 3

گڑھ، بھٹنڈہ، کرنال، گورداسپور، امرتسر اور اٹاری سے دھوئیں کے گہرے سیاہ بادل تیز ہواؤں اور مرغولوں کی شکل میں پاکستانی علاقوں میں آ رہے ہیں۔ موسمیاتی ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارتی آلودہ ہواؤں سے لاہور میں معمول کا قدرتی فضائی بہاؤ رک گیا ہے، بھارت میں سموگ کے عوامل پر قابو پانے سے ہی خطے میں سموگ پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 4

حکام کے مطابق سموگ اور فوگ کے باعث ہائی ٹرانسمیشن لائنیں اور گرڈ اسٹیشنز پر لگے آلات متاثر ہوتے ہیں، گرد اور نمی کی آمیزش سے ٹرپنگ کا خدشہ ہوتا ہے۔

نے ایک اور نوجوان کو سرینگر کے خانیار علاقے میں ایک پرتشدد آپریشن کے دوران شہید کیا۔ بھارتی فوج نے خانیار سرینگر میں اس گھر کو بھی بمباری کے ذریعے زمین بوس کر دیا، جس میں مذکورہ نوجوان موجود تھا۔ پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ مارا جانے والا نوجوان عثمان المعروف چھوٹا ولید عسکریت پسند تھا۔ بھارتی فوج نے شہید ہونے والے تینوں شہدا کی لاشیں تدفین کے لیے لواحقین کو نہیں دی ہیں لاشوں کو نامعلوم مقام پر منتقل کردیا گیا ہے۔ دونوں مقامات پر بھارتی فوجیوں کا آپریشن کئی گھنٹوں تک جاری رہا۔ اس سے قبل مقبوضہ جموں وکشمیر میں اکتوبر کے مہینے میں بھارتی فوجیوں نے 9 کشمیری نوجوانوں کو شہید کیا۔ جس کے بعد مقبوضہ جموں وکشمیر میں جنوری 1989 سے لیکر اب تک بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں 96,373 سے زائد کشمیری شہید ہو چکے ہیں۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں گزشتہ 7 دہائیوں سے بے گناہ کشمیریوں کا خون مسلسل بہہ رہا ہے۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں روزانہ قتل عام غیر قانونی بھارتی قبضے کا ہی نتیجہ ہے۔ بھارتی فوجیوں کے ہاتھوں معصوم کشمیریوں کے بہیمانہ قتل عام کا مقصد کشمیری عوام کو دہشت زدہ کرکے انہیں تحریک آزادی کشمیر سے دستبردار کرانا ہے۔ البتہ مودی اور اس کے حواریوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ کشمیری عوام آزادی کیلئے مرمٹنے پر تیار ہیں لیکن وہ بھارت کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالیں گے۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بے گناہوں کے قتل عام کو روکنے کیلئے مہذب دنیا کو اب مداخلت کرنی چاہیے۔ تاکہ کشمیری عوام کو بھارت کے ہاتھوں نسل کشی سے بچایا جاسکے۔

عازمین حج کیلئے صحت متعلق بیان حلفی جمع کروانا لازمی قرار

کینسر، دل، جگر سمیت دیگر سنگین امراض میں مبتلا افراد کے حج پر پابندی عائد کردی گئی

عازمین حج کو متعلقہ ڈی ایچ کیو اسپتال سے تندرستی کا سرٹیفکیٹ بھی لینا ہوگا، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) عازمین حج کیلئے درخواست فارم کے ساتھ صحت سے متعلق بیان حلفی جمع کروانا لازمی قرار دیدیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق آئندہ سال حج پر جانے والے عازمین کیلئے درخواست فارم کیساتھ صحت سے متعلق بیان حلفی جمع کروانا لازمی ہوگا۔ حج پروازوں سے قبل وزارت مذہبی امور کے ڈاکٹرز عازمین کا معائنہ کریں گے۔ پالیسی کے تحت درخواست گزار کو آگاہ کرنا ہوگا کہ اسے ٹی بی، کینسر اور دیگر سنگین بیماریاں نہیں، عازمین حج کو متعلقہ ڈی ایچ کیو اسپتال سے تندرستی کا سرٹیفکیٹ بھی لینا ہوگا، حج (بقیہ نمبر 1)

کندھ کوٹ Api بیگ کیچ مہم 11 نومبر سے شروع ہو رہی ہے

جس میں بچوں کو مختلف بیماریوں سے بچا کے ٹیکے لگائے جاین گے

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ API بیگ کیچ اپ "" مہم 11 نومبر سے شروع ہو رہی ہے۔ اس مہم کا مقصد اپنے بچوں کو مختلف خطرناک بیماریوں سے بچانا اور ان کی صحت کو بہتر بنانا ہے۔ مزید ڈی ایچ او کشمور اور انچارج Api کے کہا کہ اپنے 5 سال سے کم عمر کے بچوں کو لازمی لائیں اور انہیں مفت ویکسین کروائیں۔ ویکسین (بقیہ نمبر 2)

لاہور: شہری انارکلی کے قریب لگے ٹال پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

بھارت میں فصلوں کی باقیات کو آگ لگا دی گئی، بدبو اور دھواں لاہور پہنچ گیا

لاہور (انٹرنیوز) بھارتی کی طرف سے آنے والی آلودہ ہواؤں کے باعث لاہور میں سموگ کی صورت حال مزید پیچیدہ ہوگئی ہے۔ مشرق سے چلنے والی ہوائیں سیاہ بادلوں کا مرغولہ اور گرداب بن کر وسطی پنجاب میں پہنچ گئیں، بھارت کی طرف سے چلنے والی ہواؤں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا ضلع لاہور ہے۔ بھارتی شہروں جالندھر، لدھیانہ، چندی (بقیہ نمبر 3)

سموگ سے برقی آلات متاثر ہونے کا خدشہ

لاہور (این این آئی) سموگ اور فوگ سے گرڈ اسٹیشنز پر لگے برقی آلات متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا۔ لیسکو حکام کے مطابق سموگ اور فوگ سے بجلی کے ترسیلی نظام کے بچاؤ کیلئے لیسکو کے اقدامات جاری ہیں، بجلی کی ہائی ٹرانسمیشن لائنوں کی صفائی کا کام کیا جا رہا ہے جو 31 دسمبر تک جاری رہے گا۔ گرڈ اسٹیشنز کے پورسلین سے بنے تمام مواد کو جدید مشینری سے دھویا جا رہا ہے، خراب ڈسک انسولیٹرز سمیت دیگر پارٹس کو تبدیل کیا جائے گا۔ لیسکو (بقیہ نمبر 4)

پنڈدادنخان میں اپنا گھر اپنی چھت پروگرام کی قرعہ اندازی

کامیاب امیدواروں میں رقوم تقسیم کردی گئیں، چوہدری فرخ الطاف ایم این اے

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کیمطابق ایم این اے، (این اے 61) چوہدری فرخ الطاف اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حسان احسن کی پنڈدادنخان آمد وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اپنا گھر اپنی چھت پروگرام کی قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والوں میں ساڑھے سات سات لاکھ روپے تقسیم کیے چوہدری فرخ الطاف کی جانب سے (بقیہ نمبر 5)

چین کا 9 ممالک کے شہریوں کیلئے ویزا فری انٹری کا اعلان

بیجنگ (آئی آئی پی) چین نے ملک میں سرمایہ کاری اور سیاحت کے فروغ کے لیے جنوبی کوریا، ناروے، فن لینڈ اور سلوواکیہ سمیت 9 ممالک کے لیے ویزا فری انٹری کا اعلان کیا ہے۔ عالمی برادری میں اپنی ساکھ بہتر بنانے کے لیے چین زیادہ سے زیادہ سیاحوں کی آمد چاہتا ہے۔ اس مقصد کا حصول یقینی بنانے کے لیے سیاحوں کو بہت سی سہولتیں دینے (بقیہ نمبر 7)

ایران کیخلاف اقدامات پر امریکا و اسرائیل کو سخت جواب ملے گا

دوبارہ حملہ کیا تو اسرائیل کو جوابی کارروائی سے نہیں روک سکیں گے: امریکا کی وارننگ

واشنگٹن (آئی آئی پی) امریکا نے ایران کو خبردار کیا ہے کہ ایران اسرائیل پر ایک اور حملہ نہ کرے۔ امریکی حکام نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران نے اسرائیل پر حملہ کیا تو اسرائیل کو جوابی کارروائی سے نہیں روک سکیں گے۔ امریکی میڈیا نے کچھ روز قبل خبر دی تھی کہ ایران 5 نومبر کو ہونے والے امریکی صدارتی الیکشن سے قبل اسرائیل (بقیہ نمبر 6)

لاہور: چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی قذافی اسٹیڈیم کا دورہ کر کے اپ گریڈیشن پراجیکٹ کا جائزہ لے رہے ہیں

راولپنڈی: لیاقت روڈ پر شہری بدلتے موسم کے باعث گرم کوٹ خرید رہا ہے

صدارتی الیکشن، نیک خواہشات امریکی عوام کیساتھ ہیں، سفیر پاکستان

آنے والی نئی امریکی قیادت کے ساتھ پاک امریکا تعلقات کو مزید فروغ دینے کے منتظر ہیں

توانائی کے شعبے میں بھی دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری ضروری ہے، رضوان سعید شیخ کا انٹرویو

نیویارک (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ صدارتی الیکشن میں ہماری نیک خواہشات امریکی عوام کے ساتھ ہیں۔ نیویارک میں انٹرویو میں سفیر پاکستان نے کہا کہ آنے والی نئی امریکی قیادت کے ساتھ پاک امریکا تعلقات کو مزید فروغ دینے کے منتظر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا آج بھی ہمارا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔ رضوان سعید شیخ کا کہنا تھا کہ موسمیاتی (بقیہ نمبر 16)

اٹھر میں طیب ویلفیئر کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ کا انعقاد

373 مریضوں کا معائنہ 46 آپریشن کے لیے ریفر کردیا گیا

پنڈدادنخان (سرفراز عباس سے) اٹھر میں طیب ویلفیئر کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ کا انعقاد۔ 373 مریضوں کا معائنہ 46 آپریشن کے لیے ریفر۔ طیب ویلفیئر فاؤنڈیشن اٹھر کے زیر اہتمام گورنمنٹ بوائز ہائی سکول اٹھر میں ایک روزہ فری آئی و میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا۔ فری آئی کیمپ میں 373 مریضوں کا معائنہ اور علاج کیا گیا۔ الشفاء آئی (بقیہ نمبر 13)

یوتھ ہی بلاول بھٹو کو وزیراعظم بنائے گی، مراد علی شاہ

جو کہتا تھا روشنی کی رفتار جیسی ٹرین چلواؤں گا، لوگوں نے اسے دیکھ لیا ہے

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ آئندہ انتخابات میں یوتھ ہی بلاول بھٹو کو وزیراعظم بنائے گی۔ 26 ویں آئینی ترمیم کی منظوری پر کراچی کے باغ ابن قاسم میں جشن سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ 2018 میں منتخب ہونے والا 12 موسموں سے باہر ہی نہیں نکلتا تھا۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ جو کہتا تھا روشنی کی رفتار جیسی ٹرین چلواؤں گا، لوگوں نے اسے دیکھ لیا ہے۔ باغ ابن قاسم میں جشن کے شرکاء نے میوزیکل نائٹ کا بھی بھرپور مزہ لیا۔

لاہور: چڑیا گھر کی سیر کے لئے آنے والی فیملیاں قطار بنائے اندر داخل رہی ہیں

لاہور: پروفیسر اسحاق میو ایم کیپس سی ایس ایس پی ایم ایس کی فری کلاسوں کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مستحق طلبہ و طالبات کی مالی مدد کیلئے ہم پرعزم ہیں، پروفیسر اسحٰق میو

لاہور (این این آئی) آل پاکستان کالج فارمیسی ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین پروفیسر اسحٰق میو نے کہا ہے کہ مستحق طلبہ و طالبات کی مالی مدد کے لیے ہم پرعزم ہیں۔ مستحق اور قابل ذہین بچوں کو قوم کی خدمت کرنے کے لیے آگے لانے کے لیے ان کی ہر ممکن مدد کی جائے گی۔ ایم کیپس سی ایس ایس اور ایم کیپس پی ایم ایس کی فری کلاسیں مستحق طلبہ و طالبات کے لیے تحفہ ثابت ہوں گی۔

ڈینگی کے وار جاری، مزید 114 کیسز رپورٹ

ایک ہفتہ میں 954، رواں سال 6011 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں

لاہور (این این آئی) گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں صوبہ میں ڈینگی کے مزید 114 کیسز رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق راولپنڈی سے 105، لاہور سے 4، اٹک، ملتان، خانیوال، سیالکوٹ اور ساہیوال سے ایک ایک ڈینگی کیس رپورٹ ہوا۔ ترجمان کے مطابق ایک ہفتہ میں 954 جبکہ رواں سال اب تک 6011 ڈینگی کے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔

فینسی نمبر پلیٹ اور سیاہ شیشوں کیخلاف جاری مہم میں پولیس نے شہریوں کو ہتھکڑیاں لگا دیں

کراچی (آئی آئی پی) شہر میں فینسی نمبر پلیٹ اور سیاہ شیشے والی گاڑیوں کے خلاف جاری مہم کے دوران پولیس نے شہریوں کو ہتھکڑیاں لگا دیں، ترجمان ڈسٹرکٹ سینٹرل پولیس نے مہم کے دوران پولیس کی کارروائیوں میں خلاف ورزی کے الزام میں گرفتار شہریوں کی ہتھکڑیاں لگی تصاویر جاری کر دیں۔ شہریوں کی ہتھکڑیاں لگی تصاویر پر شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ قانون کا احترام اور اس کی پاسداری سب پر لازم ہے لیکن شہریوں کی ہتھکڑی لگی تصاویر (بقیہ نمبر 17)

جنرل بس اسٹینڈ پیرودھائی کے مختلف بلاکوں کی تنظیم سازی مکمل

انجمن ویلفیئر ایسوسی ایشن دکانداران رجسٹرڈ کی مخالف گروپ کو الیکشن لڑنے کی پیشکش

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) انجمن ویلفیئر ایسوسی ایشن دکانداران رجسٹرڈ نے جنرل بس اسٹینڈ پیرودھائی کے مختلف بلاکوں کی تنظیم سازی مکمل کر لی گئی ہے، ہائیڈل پارک، ٹرانسپورٹ بلاک، فروٹ بلاک، سوزو کی اسٹینڈ، تانگہ اسٹینڈ، کوڑا گودام اور ویگن اسٹینڈ میں باڈیاں تشکیل دے کر مخالف گروپ کو الیکشن لڑنے کی پیشکش کر دی گئی انجمن (بقیہ نمبر 18)

پی آئی اے بارے جو کہا اللہ کرے وہ ہوجائے، نواز شریف

شہباز شریف دن رات کام کر رہے ہیں، پاکستان میں حالات بہتری کی جانب گامزن ہیں

ہمیشہ سے یہی کوشش رہی ہے کہ پاکستان میں غریب آدمی کی زندگی آسان ہو، ایون فیلڈ کے باہر صحافیوں سے مختصر گفتگو

رائے ونڈ کے قریبی علاقوں سے آنے والے شہری عالمی تبلیغی اجتماع کے آخری روز اجتماعی دعا میں شریک ہیں

لندن (انٹرنیوز) مسلم لیگ ن کے صدر سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ شہباز شریف دن رات کام کر رہے ہیں، پاکستان میں حالات بہتری کی جانب گامزن ہیں، مہنگائی کم ہو رہی ہے، پی آئی اے کے بارے میں جو کہا اللہ کرے وہ ہو جائے۔ تفصیلات کے مطابق امریکا میں چیک اپ کے بعد واپس لندن پہنچ گئے۔ لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر لیگی کارکنوں اور عہدیداروں نے والہانہ استقبال کیا۔ ایون فیلڈ ہاؤس کے باہر صحافیوں سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے میاں نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں مریم نواز بھی بہت اچھا کام کر رہی ہیں، ہمیشہ سے یہی کوشش رہی ہے کہ پاکستان میں غریب آدمی کی زندگی آسان ہو۔ انہوں نے کہا پی آئی اے کے پراجیکٹ پر کام کرنے کا ارادہ ہے، جو کہا اللہ کرے وہ ہو جائے۔

"یااللہ دین کی ہوائیں چلا دے، دین کی فضائیں بنا دے"

عالمی تبلیغی اجتماع آہوں، سسکیوں اور رقت آمیز دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا

رائے ونڈ (این این آئی) عالمی تبلیغی اجتماع آہوں، سسکیوں اور رقت آمیز دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ اختتامی دعا مولانا محمد ابراہیم آف انڈیا نے کروائی، دعا صبح 8 بجکر 36 منٹ پر شروع ہوئی جس کا دورانیہ 12 منٹ رہا۔ دعا کے اہم نکات درج (بقیہ نمبر 19)

تبلیغی اجتماع میں جیب تراشی کرنے والا 6 رکنی گروہ گرفتار

گرفتار ہونے والے گروہ میں پانچ ملزمان کا تعلق پشاور، ایک کا تعلق راولپنڈی سے ہے

رائے ونڈ (این این آئی) رائیونڈ میں ہونے والے تبلیغی اجتماع میں جیب تراشی کرنے والا 6 رکنی گروہ گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو ناکہ بندی کے دوران گرفتار کیا گیا، گرفتار ہونے والے گروہ میں پانچ ملزمان کا تعلق پشاور جبکہ ایک کا تعلق راولپنڈی سے ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان سے چوری شدہ موبائل فون برآمد کیے گئے ہیں جبکہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا۔



رائے ونڈ سموگ کے خاتمے کے لیے ایل ڈبلیو ایم کی عملہ سڑک پر پانی کا چھڑکاؤ کرنے میں مصروف ہے

آئی جی پنجاب پر اعتبار نہیں، بشریٰ بی بی بہت اہم ہیں

بشریٰ بی بی کے باہر آنے سے عمران خان چپ نہیں ہوں گے

وہ مسلسل بات کر رہے ہیں، لیکن میڈیا پر نہیں چلائی جا رہی ہیں، شیخ وقاص اکرم

اسلام آباد (اے ایف بی) پی ٹی آئی کے سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ ہمارا ہدف بانی پی ٹی آئی کی رہائی ہے، آئی جی پنجاب پر اعتبار نہیں، بشریٰ بی بی بہت اہم ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم جوڈیشل کمیشن اجلاس میں شرکت کریں گے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ بشریٰ بی بی پشاور میں زیادہ محفوظ ہیں۔ ہم آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان پر زیادہ اعتبار نہیں کر سکتے، ہم نے دوبارہ احتجاج کی کال دی ہے۔ جب بھی احتجاج کی کال دیتے ہیں یہ بندوں کو پکڑتے ہیں۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ بشریٰ بی بی بہت اہم ہیں، کچھ بھی ہوسکتا ہے۔ بشریٰ بی بی کے باہر آنے سے عمران خان چپ نہیں ہوں گے، وہ مسلسل بات کر رہے ہیں، لیکن ان کی میڈیا پر بات نہیں چلائی جا رہی۔ بانی پی ٹی آئی سے طے ہوا ہے (بقیہ نمبر 14)

گیس کا پریشر زیرو صارفین کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے

گیس لوڈشیڈنگ کی وجہ سے دیہاڑی دار طبقہ بھوکے پیٹ مزدوری پر جانے پر مجبور

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل گوجرخان کے عوام نے بھی کیا قسمت پائی ہے ان کے قیمتی ووٹوں سے منتخب ہونے والے عوامی نمائندوں نے بڑے نام کمائے مگر عوام کے بنیادی مسائل کو پس پشت ڈال دیا گوجرخان سے نکلنے والی گیس سے تحصیل کے عوام محروم سردی پڑی نہیں گیس کا پریشر زیرو ہوگیا تحصیل سے نکلنے والی گیس کا حق مقامی لوگوں سے چھین کر دوسرے شہروں کے باسیوں کو مستفید کیا جانے لگا مقامی لوگ سلنڈر اور لکڑیاں جلا کر گزارا (بقیہ نمبر 15)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق شالیمار باغ میں دوسری شالیمار چیس چیمپئن شپ کی تقریب تقسیم انعامات میں جیتنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں۔

طلاق یافتہ ماں سے ملنے کی ضد پر باپ نے 12 سالہ بیٹے کی ٹانگ کاٹ دی

جھنگ (آئی آئی پی) جھنگ میں طلاق یافتہ ماں سے ملنے کی ضد پر باپ نے 12 سالہ بیٹے کی ٹانگ کاٹ دی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ واقعہ جھنگ کے علاقے موضع رتہ کلاں میں پیش آیا ہے، جہاں باپ نے اپنے بیٹے کی ٹانگ کلہاڑی سے کاٹ دی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ لڑکے کو اسپتال منتقل کر دیا گیا، ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پولیس کا مزید کہنا ہے کہ 12 سالہ خرم شہزاد نے اپنی طلاق یافتہ والدہ سے ملنے کیلئے باپ سے ضد کی تھی۔

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا، شرح سود میں کمی کا فیصلہ متوقع

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج (پیر) 4 نومبر کو ہوگا۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد کریں گے۔ معاشی ماہرین کے مطابق اجلاس میں مارک اپ میں 2 فیصد تک کمی کیے جانے کا فیصلہ متوقع ہے۔

خواجہ آصف نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو آڑے ہاتھوں لیا

کے پی ہاؤس ہوتا ہوا کوہسار کے راستے پہاڑ پر چڑھ کے 12 ضلع کراس کر کے پشاور اسمبلی میں نمودار ہوگا

علی امین گنڈا پور پھر ورکروں کو چھوڑ کر غائب ہو جائے گا، یہ رنگ بازی کا اینڈ ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور پھر ورکروں کو چھوڑ کر غائب ہو جائے گا۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کو آڑے ہاتھوں لیا، جنہوں نے گزشتہ روز ایک بار پھر اسلام آباد پر چڑھائی کی دھمکی دی تھی۔ خواجہ آصف نے اپنے پیغام میں کہا کہ علی امین گنڈاپور پھر ورکروں کو چھوڑ کر (بقیہ نمبر 8)

خاتون کا طلاق پر جشن، وائرل ویڈیو پر صارفین بھڑک اٹھے

عجیب وغریب ٹرینڈز نے رشتوں کے جڑنے اور ختم ہونے کو بھی فیشن بنا دیا ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) سوشل میڈیا پر خاتون کی طلاق پر جشن منانے کی ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس نے تہلکہ مچا دیا ہے۔ شوہر اور بیوی کے رشتے کا ختم ہونا ان سمیت دو خاندانوں کیلئے انتہائی دردناک وقت ہوتا ہے تاہم اب بدلتے وقت کے ساتھ عجیب وغریب ٹرینڈز نے رشتوں کے جڑنے اور ختم ہونے کو بھی فیشن بنا دیا ہے۔ ایسی ہی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں ایک خاتون کو اپنی طلاق کا جشن مناتے دیکھا جا سکتا (بقیہ نمبر 9)

ایف بی آر انٹیلی جنس، انوسٹی گیشن ڈائریکٹوریٹ نے صرف خوف و ہراس پھیلایا، پاکستان ٹیکس بار

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے ایف بی آر کے انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن ڈائریکٹوریٹ (کسٹمز) کی بندش کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایف بی آر کی طرف سے طویل انتظار کے بعد یہ اقدام اٹھایا گیا جس کا سہرا چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال اور ان کی ٹیم کے سر ہے۔ پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر انور کاشف ممتاز، جنرل سیکرٹری ریحان صدیقی، سینئر نائب صدور زاہد عتیق (بقیہ نمبر 10)

پولیس کا چھاپہ، 4 نوجوان بازیاب، 3 ملزمان گرفتار

پولیس اہلکار ثناء اللہ نے جھوٹے مقدمے میں پکڑ کر مکان میں قید کیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں بروری پولیس نے ہزارہ ٹاؤن میں مکان پر چھاپہ مار کر 4 نوجوانوں کو بازیاب کرالیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ چھاپے کے دوران 3 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا۔ نوجوانوں کا بیان میں کہنا ہے کہ پولیس اہلکار ثناء اللہ نے جھوٹے مقدمے میں پکڑ کر مکان میں قید کیا۔ نوجوانوں نے بتایا کہ جھوٹے مقدمے میں پیسے دینے کے لیے تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق چوتھے ملزم پولیس اہلکار کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

محنت کش گھروں کے باہر آرائش کیلئے لگائے جانے والے جال کی تیاری کیلئے بانس کاٹ رہا ہے

نرگس کے شوہر انسپکٹر ماجد بشیر کا بیان سامنے آگیا

میری اہلیہ باکردار عورت ہے، جھگڑے ہر گھر میں ہوجاتے ہیں

لاہور (آئی آئی پی) پاکستان کی نامور اداکارہ غزالہ ادریس المعروف نرگس پر شوہر کی جانب سے تشدد کا واقعہ سامنے آنے کے بعد ان کے شوہر ماجد بشیر کا بیان سامنے آگیا ہے۔ اپنے بیان میں اسٹیج اداکارہ نرگس کے شوہر ماجد بشیر کا کہنا تھا کہ میری اہلیہ باکردار عورت ہے، جھگڑے ہر گھر میں ہوجاتے ہیں، یہ جھگڑا ہمارا ذاتی معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نرگس ابھی بھی میرے نکاح میں ہے، کچھ لوگ اس واقعے کو کردار کشی کے لئے (بقیہ نمبر 11)

وزیراعظم کل 3 مصروف شاہراہوں کے انٹرچینج کا سنگ بنیاد رکھیں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کل (منگل) کے روز وفاقی دارالحکومت کی تین مختلف شاہراہوں کے انٹرچینج کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ جناح ایونیو، نائنتھ ایونیو اور ابن سینا روڈ اسلام آباد کے سنگم پر واقع یہ انٹرچینج تینوں مصروف شاہراہوں کے ٹریفک کے گھمبیر مسئلے کو حل کرے گا۔ سرکاری ادارہ نیسپاک انٹرچینج کی تعمیر کا کنسلٹنٹ ہے۔

بھارتی فوج کا شہید تین نوجوانوں کی لاشیں دینے سے انکار

شہید ہونے والے تینوں شہدا کی لاشیں تدفین کے لیے لواحقین کو نہیں دی ہیں

سری نگر (اے ایف بی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں مودی حکومت کی طرف سے معصوم کشمیریوں کے قتل عام کا سلسلہ بلا روک ٹوک جاری ہے۔ بھارتی فوج نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائیوں کے دوران ہفتے کو سرینگر اور اسلام آباد اضلاع میں تین مزید کشمیری نوجوانوں کو شہید کیا ہے۔ ان میں سے دو نوجوانوں کو ضلع اسلام آباد کے ہلکان گلی (بقیہ نمبر 12)

بانی پی ٹی آئی کے وکیل انتظار پنجوتھا پولیس مقابلے کے بعد بازیاب

حسن ابدال میں پولیس مقابلے کے بعد مبینہ اغوا کار عمران خان کے مغوی وکیل انتظار پنجوتھا کو چھوڑ کر فرار ہوگئے

مجھے 8 اکتوبر کو اسلام آباد سے اٹھایا گیا تھا، مجھے دو کروڑ روپے تاوان کی غرض سے اغوا کیا گیا تھا، انتظار پنجوتھا

اسلام آباد (آئی آئی پی) پنجاب پولیس کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل انتظار پنجوتھا کو پولیس مقابلے کے بعد بازیاب کرائے جانے کے بعد ان کا بیان سامنے آگیا۔ حسن ابدال میں پولیس مقابلے کے بعد مبینہ اغوا کار پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کے مغوی وکیل انتظار پنجوتھا کو چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ انتظار پنجوتھا نے اپنے اغوا سے متعلق ابتدائی بیان میں بتایا کہ مجھے 8 اکتوبر کو اسلام آباد سے اٹھایا گیا تھا، مجھے دو کروڑ روپے تاوان کی غرض سے اغوا کیا (بقیہ نمبر 20)

لاہور فضائی آلودگی انڈیکس میں پہلے نمبر پر رہا

امریکی خلائی ادارے ناسا نے ہواؤں کا رخ دکھانے والا نقشہ جاری کردیا

لاہور (این این آئی) بھارت سے آنے والی ہواؤں کی وجہ سے لاہور گزشتہ روز بھی فضائی آلودگی انڈیکس میں پہلے نمبر پر رہا۔ بھارت سے تیز ہواؤں سے آئندہ سات دن کا نقشہ بھی جاری کر دیا گیا۔ عالمی ایئر کوالٹی انڈیکس میں 1194 نمبر کے ساتھ لاہور کا پہلا نمبر جبکہ بھارت کے دو شہر دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ 450 سکور سے دہلی دوسرے اور 201 سکور سے کلکتہ تیسرے نمبر پر ہے۔ بھارت سے چلنے والی ہواؤں کی رفتار اڑھائی سے سات کلومیٹر فی گھنٹہ ریکارڈ کی گئی، امریکی خلائی ادارے ناسا کا ہواؤں کا رخ دکھانے والا نقشہ جاری کیا ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کے مطابق لاہور اور (بقیہ نمبر 21)

بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے روکنے پر لیڈی ڈاکٹر گرفتار

لیڈی ڈاکٹر نے پولیو ٹیم سے بدتمیزی کی اور کلینک سے زبردستی نکال دیا، ایس ایس پی

بدین (این این آئی) کلینک میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے روکنے پر لیڈی ڈاکٹر کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ بدین بائی پاس روڈ پر قائم کلینک میں پیش آیا، جہاں لیڈی ڈاکٹر نے پولیو ٹیم کو بچوں کو قطرے پلانے سے روکا تھا۔ ایس ایس پی نے بتایا کہ لیڈی ڈاکٹر نے پولیو ٹیم سے بدتمیزی کی اور کلینک سے زبردستی نکال دیا۔ ایس ایس پی نے مزید بتایا کہ پولیو ٹیم کی شکایت پر پولیس نے فوری کارروائی کی اور لیڈی ڈاکٹر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

شیخوپورہ، وین اور ٹرالر کے تصادم میں چار افراد جان سے گئے

مانانوالا کے قریب پیش آیا، جہاں مخالف سمت میں آنے والی وین اور ٹرالر آپس میں ٹکرا گئے

شیخوپورہ (این این آئی) پنجاب کے ضلع شیخوپورہ میں وین اور ٹرالر کے تصادم میں چار افراد جان سے گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ مانانوالا کے قریب پیش آیا، جہاں مخالف سمت میں آنے والی وین اور ٹرالر آپس میں ٹکرا گئے، حادثے میں چار افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے، مرنے والوں میں ایک بچہ بھی شامل ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ حادثہ میں 8 شدید زخمی ہوئے جنہیں علاج معالجہ کیلئے مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، وین مسافروں کو لے کر فاروق آباد جا رہی تھی۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035